# پورے ویکن میں سخت علاقائی اقدامات نافذ کیے جارہے ہیں ۔

ویکن کے صوبے میں وائرس کے انگریزی قسم کا انفیکشن بڑھ رہا ہے، اور انفیکشن کے بڑے حصے کا سراغ نہیں مل رہا ۔ ریاستی منتظم, صحت کے ڈائریکٹوریٹ اور ادارہ برائے صحت عامہ کے مشورہ کے بعد حکومت پورے ویکن صوبہ اور صوبہ انلاند کی بلدیہ گران میں آدھی رات، یعنی منگل 16مارچ کی رات سے سطح A(خصوصی اعلی سطح کے اقدامات) نافذکرے گی ۔ یہ اقدامات اتوار 11اپریل تک نافذ رہیں گے ۔

ویکن میں انفیکشن میں نہایت تیزی سے اضافہ ہوا ہے ۔ بلدیات پر انفیکشن کی ٹیسٹنگ اور سراغ لگانے کے کام کا دباؤ نہایت زیادہ ہے ۔ لہٰذا حکومت پورے ویکن اور بلدیہ گران میں سخت علاقائی اقدامات نافذ کررہی ہے تاکہ انفیکشن پر قابو پایا جاسکے، یہ کہنا ہے وزیر برائے صحت و نگہداشت بینٹ ہوئیے کا ۔

**ڈائریکٹوریٹ برائے صحت اور FHIکی جانب سے مشورے ۔**

ڈائریکٹوریٹ برائے صحت اور FHIکا خیال ہے کہ ان بلدیات میں سخت اقدامات نافذ کرنے کی ضرورت ہے جہاں تیزی سے بڑھتے ہوئے انفیکشن کا رحجان ہے ۔ وہ یہ تجویز کرتے ہیں کہ حکومت صوبہ ویکن کی تمام 51 بلدیات کے ساتھ ساتھ انلاند کی بلدیہ گران میں سطح Aکے اقدامات نافذ کرے، حالانکہ انفیکشن کی شرح میں بلدیات کے مابین کافی فرق ہے ۔

ویکن میں وائرس کی انگریزی قسم جو کہ نہایت متعدی ہے عروج پر ہے ۔ ایسے اقدامات کی ضرورت ہے جو کہ بلدیات کے مابین نقل و حمل، معاشرتی اور ثقافتی سرگرمیوں کو محدود کردیں ۔ ویکن کی نصف سے زیادہ بلدیات ٹیسٹنگ، آئسولیشن ، انفیکشن کا سراغ لگانے اور قرنطینہ (TISK)کی صلاحیت میں درپیش مشکلات کی اطلاع دے رہی ہیں ۔ محکمہ صحت کے جنوب مشرقی شاخ اور صحت کے خصوصی سہولیات کے ادارے صلاحیت سے زیادہ ہسپتالوں میں داخلے اور لیبارٹیوں میں ٹیسٹنگ کے نمونوں کی وجہ سے دباؤ کا شکار ہیں ۔

**ہم آہنگی و آسانی**

ناروے میں 82 فیصد نئے انفیکشن اوسلو، ویکن اور پرانے ویستفولڈ کے صوبے سے آرہے ہیں جہاں اب انتہائی سخت اقدامات نافذ کردیئے گئے ہیں یا پھر کیے جارہے ہیں ، ان علاقاجات میں 2,1ملین سے زیادہ باشندے آباد ہیں جو کہ ناروے کی کل آبادی کا 40 فیصد ہیں . اوسلو اور ویکن کے ریاستی منتظم، بلدیات FHI اور ڈائریکٹوریٹ برائے صحت کے مابین آج کی میٹنگ میں یہ واضح ہوگیا کہ بلدیات کی اکثریت علاقائی اقدامات کی سطح A چاہتی ہے ۔ ان میں سے 13بلدیات اس کے حق میں نہیں تھیں جبکے تین بلدیات غیر یقینی کا شکار تھیں ۔ بلدیہ گران جو انلاند میں ہے لیونر سے قریبی اور اوسلو سے قریبی رابطے کی وجہ سے انہی ضوابط میں شمار ہونا چاہتی ہے ۔

- اگرچہ ویکن میں انفیکشن کی صورت حال یکساں نہیں ہے، لیکن سخت اور مربوط اقدامات کے ذریعے نقل و حمل کو کم کرنا ضروری ہے ۔ ہوئیے کا کہنا ہے کہ پورے صوبے میں یکساں اقدامات سے قواعد کو سمجھنے اور ان پر عمل پیرا ہونے میں آسانی ہوگی ۔

11اپریل کو ان اقدامات کی مدت ختم ہونے سے پہلے ایک نیا جائزہ لیا جائے گا ۔

**حکومت نے مندرجہ ذیل بلدیات میں اقدامات کی سطح A( خصوصی سخت اقدامات) کو نافذ کرنے کا فیصلہ کیا ہے :**

صوبہ ویکن میونسپلٹی کی تمام 51بلدیات میں

صوبہ انلاند میونسپلٹی کی بلدیہ گران میں

یہاں آپکو ان اقدامات کا جائزہ ملے گا جو ان بلدیات پر لاگو ہوں گی جو کہ اقداماتی سطح Aپر مبنی ہیں ۔ (اقدامات کی فہرست دیکھنے کیلئے + نشان کو دبا ئیے):

**اقداماتی سطح -A (خاص اعلیٰ سطح کا اقداماتی درجہ، کووڈ-19 کے قوائد و ضوابط کے باب A5میں باقائدہ منظم):**

**کنڈرگارٹن/بارنے ہاگے، اسکول، یونیورسٹیاں کالج اور پیشہ ورانہ اسکول**

باقی ملک کی طرح ٹریفک لائٹ ماڈل کے مطابق پیلی اقداماتی سطح کا اطلاق اسکولوں اور بارنے ہاگن پر ہوتا ہے ۔ انفیکشن کی صورت حال کے مطابق مقامی تجزیہ ہونا چاہیے، اس سے مراد یہ کہ بلدیہ بحثیت انفیکشن سے بچاؤ کی ذمہ دار کے طور پر ضرورت پڑنے پر سرخ سطح صادر کرنے کا فیصلہ کرے گی جب انفیکشن سے بچاؤ کا پیشہ ورانہ تجزیہ اس امر کا تقاضہ کرے ۔ اگر حالات اس کے متقاضی ہوں تو حکومت سرخ سطح کے اقدامات کے سلسلے میں بھی قومی سفارشات جاری کرسکے گی ۔

یونیورسٹیوں ، کالجوں اور پیشہ ورانہ کالجوں کی عمارتوں اور احاطوں کو طلباء کیلئے بند کردیا گیا ہے اور درسی تعلیم ڈیجیٹل طور پر دی جائے گی ۔

ملازمین عمومی طور پر پیشہ ورانہ زندگی کے قواعد پر عمل پیرا ہیں ۔

**تقریبات**

سوائے جنازوں اور تدفین کے، گھر سے باہر، اندرون خانہ اور بیرون خانہ تمام تقاریب ممنوع ہیں ۔

ڈیجیٹل تقاریب میں زیادہ سے زیادہ پانچ افراد کے ایک جگہ جسمانی طور پر اکٹھا ہونے ۔ جو کہ عاملین اور پروڈکشن اہلکاروں کے علاوہ ہیں ، کی اجازت ہے ۔

**کھیل اور تفریحی سرگرمیاں**

بالغ افراد اور نوجوان کیلئے کھیلوں کی سرگرمیوں کا انتظام کرنے کی اجازت نہیں ہے(ایک استشناء کے ساتھ، نیچے ملاحظہ کریں ) یہی بات تفریحی سرگرمیوں پر بھی لاگو ہوتی ہے جیسا کہ طائفے، سازندے اور تھیٹر ۔

20سال سے کم عمر بچوں اور نوجوانوں کے لیئے بیرون خانہ کھیلوں اور سرگرمیوں کی اجازت ہے جب کہ یہ 10افراد تک کہ گروہ میں ہوں اور اس میں شامل تمام شرکاء ایک ہی بلدیہ سے تعلق رکھتے ہوں ، یہ سرگرمیاں اس انداز سے کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے کہ دوران سرگرمی شرکاء کے مابین دو میٹر کا فاصلہ برقرار رہے ۔

**ملازمتی جگہیں ۔**

وہ تمام افراد جن کیلئے ممکن ہو وہ گھر سے کام کریں ۔ آجرین نے یہ ممکن بنانا ہوگا کہ جہاں تک عملی طور پر ممکن ہو ملازمین گھر سے کام کریں ۔

آجروں نے تحریری طور پر اپنے ملازمین کو اس امر سے آگاہ کرنا ہوگا اس پر عملدرآمد کس طرح سے ممکن بنایا جائے گا ۔ دفتر کی جانب سفر صرف نہایت ضروری حالات میں کیا جانا ہوگا ۔ بہر حال گھر سے کام کرنے کی پابندی کا اطلاق ان افراد پر ہوگا جن کیلئے یہ ممکن ہو ۔

**دکانیں اور خدمات**

تمام دکانیں اور گودام بند رکھے جائیں گے، ان اِسْتِثْنا کے ساتھ

خوردونوش کی اشیاء فروخت کرنے والی دکانیں ، بشمول چھوٹی دکانیں جن میں کھانے پینے کی اشیاء بکتی ہیں ، صحت سے متعلق اشیاء فروخت کرنے والی دکانیں اور دیگر دکانیں جو بنیادی طور پر کھانے پینے کی اشیاء فروخت کرتی ہیں ۔

خرید و فروخت کی ایسی جگہیں جہاں بنیادی طور پرجانوروں کی خوراک اور پالتو جانوروں کیلئے دیگر ضروری اشیاء بکتی ہیں ۔

دوا خانے

پٹیاں لگانے والی جگہیں

عینک ساز

شراب بیچنے والی دکانیں

انفرادی طور پر خدمات جیسا کہ حجام، مالش و جلد کی نگہداشت کی جگہیں ,ٹیٹو بنانے والی جگہیں

وغیرہ

صحت کی پیشہ ورانہ کمپنیاں ، جیسا کہ فزیوتھراپسٹ ، کائرو پراکٹر، پاؤں کی تھراپسٹ وغیرہ

پیٹرول پمپ

زراعت اور جانوروں کی دیکھ بھال سے متعلق خرید و فروخت والے کاروبار

گودام اور تھوک کاروبار جوکہ کاریگروں اور اس طرح افراد کو اشیاء فراہم کرتے ہیں ۔

دکانیں اور گودام ان سامان کی ترسیل کے لئے کھلی رکھی جاسکتی ہیں جن کی ادائیگی پہلے سے کردی گئی ہو اور یہ کہ ترسیل کے عمل کے دوران انفیکشن سے بچاؤ کا مناسب انتظام کیا گیا ہو ۔

**ریستوران، کیفے، بار اور ہوٹل**

سرو کرنے والی جگہیں بند ہیں مگر ساتھ لے جانے، ٹیک آوے کی اجازت ہے ۔

شراب پیش کرنا ممنوع ہے ۔

ہوٹلوں میں موجود سرو کرنے والی جگہوں پر رات کو قیام کرنے والے مہمانوں کو کھانا پیش کیا جاسکتا ہے ۔

**مندرجہ ذیل کاروبار اور جگہیں بند رکھی جائیں گی ۔**

جم،ورزش کرنے والی جگہیں

تیراکی کے تالاب، واٹر پارک ۔ سپا اور حمام، ہوٹل میں موجود پول اور تیراکی والے تالاب، اور اس قسم کی جگہیں

دینی اور عبادت خانے، ماسوائے جنازہ و تدفین اور انفرادی طور پر افراد مذہبی اور فلسفانہ برادیوں کے نمائندوں کے مابین گفتگو کے

لائبریریاں

تفریحی پارک ، بنگو ہال، کھیلوں والے ہال، بچوں کے کھیلنے والے ہال، باؤلنگ ہال اور اس قسم کی دیگر جگہیں

میوزیم، عجائب خانے

سینما گھر، تھیٹر، محافل موسیقی کی جگہیں اور اس قسم کی ثقافتی اور تفریحی مقامات

دیگر عوامی مقامات اور کاروبار جہاں ثقافتی، تفریحی یا تفریحی سرگرمیاں جن میں لوگ اندورن خانہ جمع ہوتے ہوں ۔

**سفارشات**

تمام افراد کو گھر میں مہمانوں اور میل ملاپ سے گریز کرنا چاہیے ۔ اس میں مستنشیات ہیں ۔

ضروری گھریلو خدمات اور ملاقات ان افراد کیلئے جو اپنی زندگی کے آخری دور میں ہیں ۔

اکیلے رہنے والے افراد ، وہ ملاقات کیلئے اپنے ایک سے دو مستقل دوست یا ایک گھرانے کیلئے آ اور جا سکتے ہیں ۔

بچے، اپنے بارے ہاگن اور بچوں کے سکول کے گروپ سے ملاقات کے علاوہ اور نوجوان اپنے ایک سے دو مستقل دوستوں کے ساتھ ملاقات کیلئے آور جا سکتے ہیں ۔

دوسرے افراد کے ساتھ ملاقات میں 2میٹر کا فاصلہ رکھنا چاہیے ۔ ماسوائے اپنے گھرانے کے افراد اور وہ افراد جو مندرجہ بالا نکات میں بتائے گئے ہیں ۔

تمام افراد کو غیر ضروری سفر سے گریز کرنا چاہیے ۔ کام پر جانے کیلئے سفر کو ضروری سمجھا جائے گا ۔ دیگر بیشتر افراد کیلئے گھر سے کام کرنے کے تقاضے لاگو ہوتے ہیں ۔

ایک بلدیہ کے رہائشیوں کو دوسری بلدیہ میں کھلے شاپنگ سنٹر اور خریداری کے مراکز پر نہ جانے کا مشورہ دیا جاتا ہے ۔

بلدیہ کے رہائشی تفریحی رہائش گاہ کاٹیج پر جاسکتے ہیں لیکن صرف اپنے اہل خانہ کے ہمراہ ۔ تمام خریداری ، سفر پر جانے سے پہلے اپنی ہی بلدیہ میں کریں ۔ دکانوں ، ریستوراں یا کاٹیج کی بلدیہ میں پر ہجوم جگہ پر نہ جائیں ۔ سکئنگ ٹریل، سکینگ ٹریک اور چہل قدمی کے دوران دوسروں سے خوب فاصلہ رکھیں ، کاٹیج کی بلدیہ میں نافذ قواعد اور سفارشات کو چیک کریں ، مہمان مدعو نہ کریں ۔

بلدیات اور صوبائی میونسپیلٹی کو عوامی ٹرانسپورٹ میں مضبوط اقدامات نافذ کرنے چاہیں ۔ مثلاً نقل و حمل کے ذرا ئع میں  صرف پچاس فیصد تک گنجائش استعمال کی جائے ۔

وہ افراد جو رسک گروپ میں ہیں اور کرونا وائرس کے لگنے سےشدید بیمار ہو سکتے ہیں یا مر سکتے ہیں تو ایسے افراد کو گوشہ نشینی اختیار کرنی چاہئے۔

چھوٹے  کاروبار، مثال کے طور پر نائی، مضبوط اقدامات کرنے کی ضرورت ہے جیسے کہ چہرے پہ لگانے والا ماسک، اگر ایک میٹر کا فاصلہ رکھنا ناممکن ہو  دوسری صورت میں کام میں کمی یا عارضی طور پر پیشکش ختم کر دیں جس میں  آمنے سامنے ہونے کے امکان زیادہ ہوں۔

اپنے قریبی رابطوں اور اہل خانہ کی جانچ  اور اس کی پیروی کرنا:

وہ افراد جو انفیکشن کے قرنطینہ میں ہیں انھیں اس مدت کے ساتویں سے دسویں دن ٹیسٹ کروانے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

تبدیل شدہ کرونا وائرس کے لگنےسے وابستہ قریبی رابطوں کےقرنطینہ میں داخل ہوتےوقت(جب یہ واضح ہو جائے کہ بیماری لگنے والے کے قریبی رابطے ہیں) اور قرنطینہ سے نکلتے وقت(ابتدائی سات دن کے بعد) پی سی آر ٹیسٹ کے زریعے جانچا جاتا ہے۔

۔ قریبی رابطوں کےاہل خانہ کے افراد کو تب تک قرنطینہ میں رہنا ہوگا جب تک قریبی رابطے کے لیے گئے پی سی آر ٹیسٹ کا جواب دستیاب نہ ہو جائےـیہ انگریزی وائرس کی تبدیل شدہ قسم کے پھوٹنے کی صورت میں لاگو ہوتا ہے۔

**چہرے کا ماسک پہننالازم ہے**

جب اپنے اہل خانہ کے علاوہ دوسروں کے قریب سے گزرنے کا فاصلہ اک میٹر سے کم ہو توایسی صورت میں، دوکانوں، خریداری کے مراکز کی مشترکہ جگہ، ریستوراں، عبادگاہوں اور مکتبہ فکر گھروں ، مشترکہ نقل و حمل کے زرائع اور اندرون خانہ اسیٹیشن، اور ثقافتی، کھیل اور تفریحی سرگرمیوں کے احاطے میں ماسک کا استعمال ضرروری ہو گا۔

سواریاں ٹیکسی میں ماسک کا استعمال کریں گیں۔ سواری ٹیکسی میں داخل ہونے سے پہلے ماسک لگائے گی اور جب تک سفر ختم ہو اور سواری ٹیکسی سے اتر نہیں جاتی تب تک ماسک پہننا پڑے گاماسک لگانے کا یہ فریضہ ٹیکسی کے ڈرائیور پر بھی سواری گاڑی میں موجود ہونے کی صورت میں لاگو ہوتا ہے۔

ماسک لگانے کا اطلاق ایسے مقامات کے ملازمین پر بھی ہوتا ہے جہاں پر آنے والوں سے کم از کم ایک میٹر کا فاصلہ قائم رکھنا ممکن نہ ہو۔ یہ ان ملازمین پر لاگو نہیں ہوتا جہاں ادارہ برائے صحت کی طرف سےانفیکشن کنٹرول کے دیگر اقدامات نافذ کیے گئے ہوں جیسے کے ، چہرے کو بچانے کےلیے پلاسٹک کا پورا چھجا، پلاسٹک کی حفاظتی دیوار ۔

ماسک کے استعمال کا اطلاق 12 سال سے کم عمر بچوں، اورجو طبی یا دوسری وجوہات کی بنا پر ماسک استعمال کرنے سے قاصر ہیں پر نہیں ہوتا۔

تمام بلدیات مقامی انفیکشن کی صورتحال کے پیش نظر سخت مشورے اور قوائد متعارف کروا سکتی ہے۔ اس لئے یہ جاننا نہایت ضروری ہے کہ آپ کی بلدیہ میں کیا لاگو ہوتا ہے۔

**بچوں اور نوجوانوں کیلئے اقداماتی سطح A میں ترمیم**

ڈائرکٹوریٹ برائے صحت کو متعدد اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کو اقداماتی سطح A کے فیصلوں کے مطابق روکنا نہایت سختی ہے کیونکہ اس میں بچوں اور نوجوانوں کیلئے بیرون خانہ بھی کھیل و تفریحی سرگرمیوں کی اجازت نہیں ہے ۔

لہذٰا حکومت اقداماتی سطح Aکو اس طرح سے تبدیل کرتی ہے کہ بچوں اور 20سال سے کم عمر کے نوجوانوں کیلئے بیرون خانہ کھیل و تفریح کی سرگرمیوں کی اجازت ہوگی جب تک یہ 10افراد تک کے گروپ میں ہوں اور تمام شرکاء کا تعلق ایک ہی بلدیہ سے ہو ۔ اس بات کی سفارش کی جاتی ہے

کہ یہ سرگرمیاں اس انداز میں ہوں کے شرکاء کے درمیان کم از کم دو میٹر کا فاصلہ برقرار رہے ۔ اس ترمیم کا اطلاق ان بلدیات پر بھی ہوگا جہاں پہلے سے اقداماتی سطح A نافذ ہے ۔

بچوں اور نوجوانوں کے ضمن میں یہ کہا جائے گا کہ ان کیلئے ابھی بھی ایک حد تک سرگرمیوں کی سطح برقرار رکھنی ممکن ہونی چاہیے، یہاں تک کہ انفیکشن کی صورت حال اسقدر غیرواضح ہوجائے کہ نہایت سخت اقدامات نافذ کرنا ناگزیر ہو ۔ ہوئیے کا کہنا ہے کہ بیرون خانہ سرگرمیوں کو ایک خاص حد تک برقرار رکھنے سے یہ فائدہ ہوگا کہ بچوں اور نوجوانوں کے پاس اپنا فارغ وقت گزارنے کیلئے ایک ایسی جگہ ہوگی جہاں وہ انفیکشن سے بچاؤ کے منظم اقدامات پر عمل کرتے ہوئے وقت گزار پائیں گے ۔

دوسری صورت میں بچوں اور نوجوانوں کے لیئے کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں سے متعلق رہنماء اصول لاگو ہوں گے ۔ یہ ہر طرح کی مقابلوں ، کپ، میچوں اور مظاہروں وغیرہ کے انعقاد پر اب بھی پابندی ہوگی ۔

**علاقائی اقدامات کے بارے میں مزید معلومات**

حکومت اس کا فیصلہ کرسکتی ہے کہ ایک بلدیہ اور اس کے گردونواح کی بلدیات میں تیزی اور مربوط طریقے سے انفیکشن کے روک تھام کیلئے کن اقدامات کو نافذ کرنا فیصلہ کن ہے ۔

بلدیات کیلئے منتخب کردہ اقدامات کی سطح وباء کی شدت پر منحصر ہے ۔ اقدامات کی تین سطحیں ہیں جو استعمال کی جاسکتی ہیں ۔ یہ اقداماتی سطح A(نہایت اونچی اقداماتی سطح)اقداماتی سطح B(اونچی اقداماتی سطح) اور اقدماتی سطح C(قدرے اونچی اقدامتی سطح)

مختلف سطحوں پر اطلاق ہونے والے اقدامات کا ایک جائزہ آپ یہاں ملا حظہ کرسکتے ہیں ۔